**AQF / Tausif**

**10-04-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- آسام اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات میں اب تک کی سب سے زیادہ ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔ کیرالم میں بھی 78 فیصد سے زیادہ افراد نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔

2- مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے آج کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔

3- سرکار نے مرکزی مسلح پولیس فورسز کے عموی انتظامیہ سے متعلق ایکٹ کو صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی منظوری ملنے کے تناظر میں اِسے نوٹیفائی کردیا ہے۔

4- خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے واشنگٹن میں امریکی وزیر خارجہ **Marco Rubio** سے ملاقات کی اور تجارت، اہم معدنیات، دفاعی اشتراک اور **Quad** فریم وَرک میں بھارت-امریکہ ساجھیداری کا جائزہ لیا۔

5- اسرائیل نے پاکستان کے وزیر دفاع کی جانب سے اسرائیل کو تباہ کرنے کے نعرے کے تناظر میں امریکہ اور ایران کے درمیان، پاکستان کی ثالثی کی ملامت کی ہے۔

6- اور **IPL** کرکٹ میں ایڈن گارڈنس میں لکھنؤ سپر جائنٹس نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو آخری گیند پر سنسنی خیز طریقے سے تین وکٹ سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Assembly Polls

آسام، کیرالم اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات اور تین ریاستوں میں چار اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کیلئے کل ہوئی پولنگ مجموعی طور پر پُرامن رہی۔ انتخابی کمیشن کے مطابق آسام میں سب سے زیادہ 85 اعشاریہ تین آٹھ ووٹنگ فیصد رہا، جبکہ پدوچیری میں ووٹنگ فیصد 89 اعشاریہ آٹھ تین فیصد رہا اور یہ دونوں ہی اسمبلی چناؤ کی تاریخ میں اب تک کے سب سے زیادہ ووٹنگ فیصد ہیں۔ کیرالم میں ووٹنگ کا فیصد 78 اعشاریہ صفر تین فیصد رہا۔

ضمنی انتخابات میں کرناٹک کی باگل کوٹ سیٹ پر 68 اعشاریہ سات صفر، جبکہ **Davanagere** ساؤتھ میں 68 اعشاریہ پانچ پانچ فیصد ووٹنگ درج کی گئی۔ ناگالینڈ میں **Koridang** میں 82 اعشاریہ دو ایک فیصد اور تریپورہ کے دھرمانگر میں 80 فیصد سے زیادہ ووٹ ڈالے گئے۔

چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے چناؤ کمشنر ڈاکٹر ایس ایس سندھو اور ڈاکٹر وِویک جوشی کے ہمراہ براہ راست ویب کاسٹنگ کے ذریعہ پولنگ عمل کی نگرانی کی، جو پہلی مرتبہ ان خطوں کے پولنگ اسٹیشنوں پر نافذ کی گئی تھی۔
آسام کے بَراک وادی میں بھی ووٹنگ فیصد زیادہ رہا۔
پیش ہے ہماری نامہ نگار کی ایک رپورٹ۔

**V-C Sasawati-Silchar**

براک وادی میں بھی رائے دہندگان میں کافی جوش وخروش دیکھا گیا اور تقریباً 84 فیصد لوگوں نے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ کُل ریاست کے 13 حلقوں میں ووٹ ڈالے گئے۔ کچھار ضلعے میں بھی 84 فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی، جبکہ سِلچر ٹاؤن میں آخری لمحات میں کثیر تعداد میں رائے دہندگان نے ووٹ ڈالے۔ ہیلا کانڈی حلقے میں بھی پولنگ پُر امن رہی۔ وہاں تقریباً 82 فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ وہاں چائے باغات میں کام کرنے والے کارکنوں اور پہلی بار ووٹ ڈالنے والوں میں کافی جوش و خروش دیکھا گیا۔ سری بھومی میں وادی میں سب سے زیادہ لگ بھگ 85 فیصد افراد نے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ اب سب کی نگاہیں چار مئی کو ہونے والی ووٹوں کی گنتی اور نتیجوں پر ہیں۔
سِلچر سے ساسوتی بھٹاچارجی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ..................

<u>TN- Constituency Profile</u>

تمل ناڈو، ووٹنگ عمل کے Kudavolai نظام کیلئے جانا جاتا ہے، جو آج کی آئینی جمہوریت کا طریقۂ کار ہے، جسے کافی پہلے چولہ دورِ اقتدار کے وقت قائم کیا گیا تھا۔ اُن کی حکومت کے دوران چولہ انتظامیہ جمہوریت اور پنچایتی نظام کے اصولوں پر کام کرتی تھی۔ اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں حلقوں کی خصوصیات سے متعلق اپنی سیریز میں آج ہم ریاستی راجدھانی چنئی کی بات کریں گے، جس کی آبادی 67 لاکھ سے زیادہ ہے۔ یہاں کُل 16 اسمبلی حلقے ہیں۔
پیش ہے ایک رپورٹ۔

**V-C Joy**

چنئی میں 1952 کے بعد سے کافی پرانے حلقے رہے ہیں۔ 2011 میں حد بندی کے بعد حلقوں میں تبدیلی کی گئی۔ 2026 کے انتخابات کیلئے چنئی میں چار اسمبلی حلقے اہمیت کے حامل ہیں۔ DMK کے سربراہ اور وزیراعلیٰ ایم کے اسٹالن Kolathur حلقے سے چناؤ لڑ رہے ہیں، جو 2011 میں حد بندی کے بعد وجود میں آیا تھا۔ 73 سالہ رہنما کو اسی حلقے سے تین مرتبہ منتخب کیا جاچکا ہے۔ Kolathur میں 238 پولنگ اسٹیشن ہیں۔ یہ حلقہ بہترین طور پر سجے مچھلی کے بازار کیلئے جانا جاتا ہے اور یہاں روزانہ کی بنیاد پر ایک بڑی تعداد میں مچھلی فروخت کی جاتی ہے۔ اِسے فِش بول آف چنئی بھی کہا جاتا ہے۔
چنئی سے Joy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

WB - Assembly Election

مغربی بنگال اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے آج کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ اِس مرحلے میں 142 سیٹوں کیلئے 29 اپریل کو پولنگ ہوگی۔ دوسرے مرحلے کیلئے کل نامزدگی پرچے داخل کرنے کا آخری دن تھا، جبکہ 13 اپریل تک نام واپس لیے جاسکیں گے۔

اِس مرحلے میں سرکردہ امیدواروں میں BJP لیڈر اور اپوزیشن کے رہنما Suvendu Adhikari اور ترنمول کانگریس کی سربراہ اور وزیر اعلیٰ ممتا بینرجی شامل ہیں۔

اِدھر پہلے مرحلے کیلئے نام واپس لینے کی مدت کل ختم ہوگئی۔ اِس مرحلے میں 152 سیٹوں کیلئے مجموعی طور پر ایک ہزار 586 امیدواروں نے دو ہزار 304 نامزدگی پرچے داخل کیے۔ اِس مرحلے میں ووٹنگ 23 اپریل کو ہوگی۔×

Prez- CAPFs Bill

سرکار نے مرکزی مسلح پولیس فورسز کے عمومی انتظامیہ سے متعلق ایکٹ 2026 کو صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی منظوری ملنے کے تناظر میں اِسے نوٹیفائی کردیا ہے۔ اِسے گزیٹ میں شائع کردیا گیا ہے۔

مزیف تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ............

**VC - Nitika (CAPF)**

*نئے ایکٹ کے تحت 50 فیصد اسامیاں انسپکٹر جنرل کے رتبے میں انڈین پولیس سروس سے Deputation کے ذریعے پُر کی جائیں گی، جبکہ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل کے Rank میں کم از کم 67 فیصد اسامیاں Deputation کے ذریعے پُر کی جائیں گی۔ نئے بنائے گئے قانون کا مقصد گروپ-A کے جنرل ڈیوٹی افسروں اور مختلف مرکزی مسلح پولیس فورسز کے دیگر اہلکاروں کی بھرتی اور ملازمت کی شرائط سے متعلق ایک جامع اور یکساں نظام قائم کرنا ہے۔ اِس میں CRPF، BSF، CISF ، ITBP اور SSB شامل ہیں۔*

*مذکورہ ایکٹ کی ایک بڑی خصوصیت بھرتی اور ملازمت کی شرائط سے متعلق ضابطے مرتب کرنے کیلئے مرکزی سرکار کو بااختیار بنانا ہے۔*

*دلّی سے نیتیکا گپتا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ..................*

Misri Marco Meet

خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے واشنگٹن کے اپنے موجودہ دورے میں امریکی وزیر خارجہ Marco Rubio سے ملاقات کی۔ یہ میٹنگ وہائٹ ہاؤس میں ہوئی اور اِس میں اہم شعبوں میں دوطرفہ اشتراک کو مستحکم بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ طرفین نے تجارت، اہم معدنیات، دفاعی اشتراک اور Quad فریم وَرک میں بھارت-امریکہ ساجھیداری کا جائزہ لیا۔

بھارت میں امریکی سفیر Sergio Gor بھی اِس میٹنگ کے دوران موجود تھے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر کہا کہ بات چیت تعمیری اور مستقبل کی سمت بڑھنے والی رہی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ امریکی وزیر خارجہ Marco

Rubio، اگلے مہینے بھارت کے دورے پر آسکتے ہیں۔

اِس سے پہلے، جناب مسری نے سیاسی امور سے متعلق امریکہ کے نائب وزیر خارجہ Allison Hooker سے ملاقات کی۔

انہوں نے پچھلے سال دسمبر میں دفتر خارجہ کے صلاح و مشورے کے بعد سے دو طرفہ ایجنڈے کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ دونوں رہنماؤں نے مغربی ایشیا کے حالات و واقعات اور باہمی مفاد کے دیگر علاقائی معاملات پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Jaishankar Mauritius

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور ماریشش کے درمیان شراکت داری میں گزشتہ برس میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ پورٹ لوئی میں ماریشش کے وزیراعظم نوین رام غلام سے ملاقات کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اس بات چیت میں بحری اشتراک، ترقیاتی شراکت داری، صحت، تعلیم، صلاحیت سازی اور عوام سے عوام کی درمیان رابطوں سمیت وسیع تر شعبوں کا احاطہ کیا گیا۔ انہوں نے ماریشش کی ترقیاتی ترجیحات کے سلسلے میں بھارت کی مسلسل حمایت کا اعادہ کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نویں بحرۂ ہند کانفرنس میں شرکت کیلئے کل ماریشش پہنچے ہیں۔

وزیر خارجہ نے کہا کہ گزشتہ برس مارچ میں جزیرائی ملک کے وزیراعظم نریندر مودی کے دورے کے دوران، دونوں ممالک نے اپنے تعلقات کو کلیدی شراکت داری تک وسعت دینے سے اتفاق کیا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماریشش پڑوس مقدم پالیسی، ویژن مہاساگر اور عالمی خطۂ جنوب کیلئے عہد پر مبنی بھارت کی سہ رُخی خارجہ پالیسی ترجیحات میں ایک منفرد مقام رکھتا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وہ دونوں ملکوں کے درمیان مفید رابطوں کے منتظر ہیں۔×

Manohar-Bhutanese King

بجلی کے محکمے وزیر منوہر لال نے بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک سے ملاقات کی۔ کل میٹنگ کے دوران جناب منوہر لال نے بھارت اور بھوٹان کے درمیان منفرد اور طویل دوستی اور شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کیلئے بھوٹان کے شاہ کی مسلسل رہنمائی اور قیادت کی ستائش کی۔ وزیر موصوف اس وقت بھوٹان کے چار روزہ دورے پر ہیں۔×

Jal Shakti Project

کل جل شکتی کی وزارت نے 21 ویں مرکزی نگرانی کمیٹی کی میٹنگ میں ریاستوں میں دریاؤں کے احیاء اور آلودگی کو کم کرنے کے سلسلے میں پیش رفت کا جائزہ لیا۔ جل شکتی کی وزارت نے کہا ہے کہ کمیٹی نے آلودہ دریاؤں کے حصوں کیلئے نفاذ سے متعلق منصوبوں کی صورتحال کا جائزہ لیا، جس میں سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ اور CETPs کی پیش رفت بھی شامل

ہے۔×

RBI - DIgital Fraud

ریزرو بینک آف انڈیا نے ڈیجیٹل فراڈ کے معاملات کی روک تھام کیلئے ایک Dicussion Paper جاری کیا ہے، جس میں ڈیجیٹل فراڈ روکنے کیلئے اضافی اقدامات تجویز کیے گئے ہیں۔ ریزرو بینک نے RBI ویب سائٹ پر Connect 2 Regulate Link کے ذریعے 8 مئی تک رائے اور تجویزیں بھیجنے کو کہا ہے۔
سائبر جرائم سے متعلق قومی پورٹل کے مطابق، سال 2025 میں تقریباً 28 لاکھ سائبر فراڈ کے معاملات کی اطلاع ملی، جن کی مالیت 22 ہزار 931 کروڑ روپے تھی۔ اِس طرح کے فراڈ کو روکنے کیلئے ریزرو بینک نے 4 اضافی اقدامات تجویز کیے ہیں۔ ریزرو بینک نے 10 ہزار روپے سے زیادہ کی ڈیجیٹل ادائیگی مکمل کرنے کیلئے ایک گھنٹے کے وقت کی حد تجویز کی ہے۔
اِس عرصے کے دوران، گاہک کو کسی بھی وجہ سے لین دین کو منسوخ کرنے کا اختیار ہوگا۔ ایک اور قدم اُٹھاتے ہوئے RBI نے بزرگ شہریوں یا دیویانگ جنوں کیلئے کسی بھروسہ مند شخص کی جانب سے اضافی تصدیق کی تجویز بھی پیش کی ہے۔ یہ بھروسہ مند فرد بڑی رقم کے لین دین کیلئے اضافی تصدیق کے ایک اہلکار کے طور پر کام کرے گا۔×

UP-GeM Number One

اترپردیش نے GeM پورٹل کے ذریعہ 22 ہزار 337 کروڑ روپے مالیت کی سرکاری خرید کی ہے۔ اترپردیش کے اس اقدام کی ستائش کرتے ہوئے مرکز نے ریاست کو سرکاری خرید کے سلسلے میں شفافیت کیلئے رول ماڈل قرار دیا ہے۔ ریاست کے سبھی محکموں میں اس سلسلے میں شہری ترقی کے محکمے کی سب سے زیادہ حصہ داری ہے، جس نے پورٹل کے ذریعہ تین ہزار 606 کروڑ روپے مالیت کی سرکاری خرید کی۔ GeM کے ڈپٹی چیف ایگزیکیٹو افسر کرشن مراری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی ہدایات کے مطابق GeM پورٹ کے ذریعہ سرکاری خرید کے سلسلے میں سبھی محکموں کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔×

World Homeopathy Day

آج ہومیوپیتھی کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ ہومیوپیتھی کے بانی ڈاکٹر Hahnemann کے یوم پیدائش کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔ ہومیوپیتھی کے عالمی دن 2026 کا موضوع ہے: اچھی صحت کیلئے ہیومیوپیتھی۔
پیش ہے ایک رپورٹ۔

**V-C Nitika**

*دنیا بھر میں بھارت میں ہیومیوپیتھی سے وابستہ سب سے بڑی افرادی قوت موجود ہے اور یہاں تقریباً ہیومیوپیتھی کے ڈھائی لاکھ ڈاکٹر رجسٹرڈ ہیں۔ ہیومیوپیتھی کے عالمی دن کے موقع پر آیوش کی وزارت نئی دلّی میں دو روزہ بات چیت کے فورم کا انعقاد کررہی ہے۔ آیوش کی وزارت نے کہا ہے کہ اِس پروگرام سے ہومیوپیتھی کے شعبے میں اہم تحقیقی پیش رفت، عوامی صحت کے اقدامات اور پالیسی*

معاملات کو اُجاگر کیا جائے گا۔ اِس سال کا موضوع: اچھی صحت کیلئے ہومیوپیتھی؛ عالمی ترجیحات سے مطابقت رکھتا ہے۔

نئی دِلّی سے تنیکا گپتا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

Israel Criticise Pak

اسرائیل نے پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف کے بیان پر سخت نکتہ چینی کی ہے اور اِسے شرمناک قرار دیا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے مغربی ایشیا محاذ آرائی میں ایک غیر جانبدار ثالث کی حیثیت سے پاکستان کی ساکھ پر سوال بھی اُٹھایا ہے۔

ایک بیان میں اسرائیلی وزیر اعظم کے دفتر نے کہا ہے کہ کسی بھی سرکار، خاص طور پر کسی ایسے ملک کی جانب سے اسرائیل کو تباہ کرنے کی اپیل ناقابل قبول ہے، جو خود کو قیام امن کے مددگار کے طور پر پیش کررہا ہے۔ خواجہ آصف نے اسرائیل کا تذکرہ کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر متنازعہ تبصرہ اور رائے زنی کی تھی، جس کی بڑے پیانے پر مذمت کی گئی ہے اور اِسے اشتعال انگیز قرار دیا گیا ہے۔

اسرائیل کے وزیر خارجہ Gideon Sa'ar نے بھی اِن بیانات کی مذمت کی ہے اور اِنہیں یہودی مخالف بیان قرار دیا ہے۔

انہوں نے زور دے کر کہا کہ اسرائیل اپنی سکیورٹی کو لاحق خطرات کے خلاف خود کا دفاع کرتا رہے گا۔

امریکہ اور ایران کے درمیان، دو ہفتے کیلئے عارضی جنگ بندی کرانے میں ثالثی کیلئے پاکستان کا نام لیا جارہا ہے اور آنے والے دنوں میں وہاں مزید امن بات چیت ہونے کی بھی امید ہے۔ تاہم پاکستان کے ایک وزیر کی طرف سے اِس طرح کی رائے زنی کی وجہ سے سفارتی عمل میں اُس کا رول زیر سایہ آگیا ہے۔×

Israel - Lebanon

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ انہوں نے اپنی کابینہ کو لبنان کے ساتھ جلد سے جلد براہ راست مذاکرات شروع کرنے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ لبنان میں کوئی جنگ بندی نہیں ہوئی ہے۔

ایک ویڈیو بیان میں نیتن یاہو نے کہا کہ اسرائیل، حزب اللہ پر اُس وقت تک حملے کرتا رہے گا، جب تک کہ شمال اسرائیل میں سکیورٹی بحال نہیں ہوجاتی۔

اِس سے قبل، اسرائیلی فوج نے بیروت کے کچھ حصوں کیلئے لوگوں کے وہاں سے باہر نکل جانے کا حکم جاری کیا تھا۔

اِدھر لبنان کی وزارت صحت نے بتایا ہے کہ کل کے اسرائیلی حملوں میں مرنے والوں کی تعداد 303 ہوگئی ہے۔×

Russia - Ukraine Ceasefire

روس کے صدر ولادمیر پتن نے Orthodox ایسٹر ختمِ ہفتہ پر یوکرین میں 32 گھنٹے کی جنگ بندی کا اعلان کیا ہے۔ اِس سے قبل، یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلینسکی نے اِس موقعے پر کچھ مخاصمانہ کارروائی روکنے کی تجویز رکھی تھی۔

کریملن کی طرف سے جاری کیے گئے صدر پتن کے حکم نامے میں روس کی افواج کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ ہفتے

سے لے کر اتوار کے اختتام تک جنگ بندی پر عمل کریں۔×

IPL- Cricket

IPL کرکٹ میں کل رات کولکاتا کے ایڈن گارڈنس میں لکھنؤ سُپر جائنٹس نے ایک سنسنی خیز میچ میں کولکاتا نائٹ رائڈرس کو تین وکٹ سے ہرادیا۔ کولکاتا نائٹ رائڈرس نے جیت کیلئے 182 رن کا نشانہ دیا تھا اور لکھنؤ سپر جائنٹس نے اِسے آخری گیند پر حاصل کرلیا۔ لکھنؤ کیلئے مُکل چودھری نے 27 گیندوں میں شاندار 54 رن اور آیوش Badoni نے 34 گیندوں میں 54 رن بنائے، جن کی بدولت لکھنؤ کو تین وکٹ سے جیت حاصل کرنے میں مدد ملی۔

اس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے کولکاتا نائٹ رائڈرس نے مقررہ 20 اوورس میں چار وکٹ پر 181 رن بنائے تھے۔ مکل چودھری کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج گوہاٹی کے ACA اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بینگلورو کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ارجمند علی خان
شکریہ - کلیم

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے تین ریاستوں میں ہوئے اسمبلی انتخابات سے متعلق خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے: آسام، کیرالم اور پدوچیری میں پولنگ مکمل۔ آسام میں 85 فیصد، پدوچیری میں 90 فیصد اور کیرالم میں 78 فیصد پولنگ ہوئی۔ امیدواروں کی قسمت EVM میں بند، ووٹوں کی گنتی چار مئی کو ہوگی۔

پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین ریزرویشن کے تعلق سے اخبار کی سرخی ہے: ترقی یافتہ بھارت کے عمل میں خواتین کی شمولیت ضروری، وزیراعظم نے 16 اپریل کو پارلیمنٹ کے اجلاس کے دوران بل کو پاس کرانے کیلئے سیاسی جماعتوں سے اپیل کی۔

روزنامہ پرتاپ نے عالمی بینک کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ مالی سال 2026-27 میں بھارت کی GDP شرح نمو 6 اعشاریہ چھ فیصد رہے گی۔

اخبار نے مغربی ایشیاء کی صورتحال کے پیش نظر حکومت کی جانب سے دیئے گئے بیان کو سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے کہ عالمی سپلائی چین رکاوٹ کے باوجود ملک میں توانائی کے وسائل، ادویات اور کھاد کی کوئی کمی نہیں ہے۔

روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: SIR کے بعد اترپردیش میں حتمی ووٹر فہرست کی اشاعت آج کی جائے گی۔ اخبار کی ایک

اور سرخی ہے: امریکہ-اسرائیل اور ایران کے درمیان جنگ بندی خطرے میں، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ اگر تہران نے معاہدے پر مکمل طور پر عمل نہیں کیا، تو امریکہ دوبارہ حملے شروع کردے گا۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- آسام اور پدوچیری میں آسمبلی انتخابات میں اب تک کی سب سے زیادہ ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔ کیرالم میں بھی 78 فیصد سے زیادہ افراد نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔

2- مغربی بنگال میں آسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے آج کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔

3- سرکار نے مرکزی مسلح پولیس فورسز کے عمومی انتظامیہ سے متعلق ایکٹ کو صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی منظوری ملنے کے تناظر میں اِسے نوٹیفائی کردیا ہے۔

4- خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے واشنگٹن میں امریکی وزیر خارجہ Marco Rubio سے ملاقات کی اور تجارت، اہم معدنیات، دفاعی اشتراک اور Quad فریم وَرک میں بھارت-امریکہ ساجھیداری کا جائزہ لیا۔

5- اسرائیل نے پاکستان کے وزیر دفاع کی جانب سے اسرائیل کو تباہ کرنے کے نعرے کے تناظر میں امریکہ اور ایران کے درمیان، پاکستان کی ثالثی کی ملامت کی ہے۔

6- اور IPL کرکٹ میں ایڈن گارڈنس میں لکھنؤ سپر جائنٹس نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو آخری گیند پر سنسنی خیز طریقے سے تین وکٹ سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------